فاسئلوا اهل الذکر ان کنتم لا تعلمون ؁
تذکرہ مظہر مسعود
مرتبہ
پروفیسر محمد مسعود احمد
مدینہ پبلشنگ کمپنی بندر روڈ کراچی

تذکرۂ مظہر مسعود

(اثر)

پروفیسر محمد مسعود احمد

مدینہ پبلشنگ کمپنی
بندر روڈ — کراچی

(۱) مؤلف — پروفیسر محمد مسعود احمد

(۲) کاتب — مولانا عبدالباقی

(۳) طابع وناشر — مدینہ پبلشنگ کمپنی کراچی

(۴) مطبع — مشہور آفسٹ پریس، کراچی

(۵) اشاعت — اوّل

(۶) سنہ طباعت — ۱۳۸۸ھ / ۱۹۶۹ء

(۷) تعداد — ایک ہزار

(۸) قیمت — 12 —

(۳)

ایک فتوے میں یہ تین سوالات کئے گئے ہیں :-

۱- یارسول اللہ کہنا جائز ہے یا ناجائز ؟
۲- یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ" کہنا کیسا ہے ؟
۳- "قدمی علی رقبۃ کل ولی اللہ" کیا یہ قول حضرت غوث اعظم کا ہے ؟

اعلیٰ حضرت نے ان سوالات کے یہ جوابات تحریر فرمائے ہیں :-

۱- یارسول اللہ ہمراہی درود شریف یا بوقت کسی موقع کے اوپر مزار شریف وغیرہ کے درست ہے اور ہر وقت مثل نشست برخاست کے کہنا ناجائز ہے،
۲- یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ کہنا ممنوع ہے اور قائل کو توبہ کرنی اور تجدید نکاح چاہیئے
۳- اور قدمی ہذا الخ کو کتب میں لکھا ہے کہ قول حضرت غوث پاک کا ہے (رحمۃ اللہ علیہ) اور مطلب اس قول کا یہ ہے کہ مرتبہ حضرت محبوب سبحانی کا اپنے زمانے کے اولیاء سے زیادہ ہے نہ کہ متقدمین اور متاخرین اولیاء سے کیوں کہ اس صورت میں خلاف احادیث کا آنا ہے۔

(ص - ۱۳۰)

۲۲ رمضان المبارک ۱۳۲۳ھ

(۴)

ایک فتوے میں یہ استفسار کیا گیا ہے کہ زید کہتا ہے کہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم میدان محشر میں شفاعت کرنے میں کچھ فوقیت نہیں رکھتے بلکہ شفاعت کے باب میں دیگر صلحاء کے برابر ہیں، اس کے جواب میں اعلیٰ حضرت تحریر فرماتے ہیں :-

اور یہ کہنا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو درباب شفاعت کچھ فوقیت نہیں ہے یہ غلط ہے اور خلاف ہے احادیث صحیحہ کے اور یہ شخص فاسق ہے چناں چہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ۔ مقام محمود مقام شفاعت ہے اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ پانچ فضیلتیں میرے لئے ہیں کہ پہلے انبیاء میں نہیں میرا یک ان میں سے شفاعت ہے ——— اور بہت احادیث ہیں کہ اول باب شفاعت کا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کھلے گا ——— پس اول شفاعت کرنے میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو فوقیت اور خصوصیت اور فضیلت ہے، (ص - ۱۴۱) ۱۴ شعبان المعظم ۱۳۰۱ھ